ادارہ کتب اسلامیہ گجرات

الحمد للہ کہ مجموعہ مسائل دینیہ مدلل بدلائل یقینیہ!

مسمّٰی بہ

فتاویٰ نعیمیہ

جس میں

حضرت مولانا الحاج حکیم الامت مفتی احمد یار خاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے وہ معرکۃ الآرا
فتاوی جمع کر دیئے گئے ہیں جن کی موجودہ
زمانہ میں اشد ضرورت ہے

○

مؤلفہ

حافظ محمد عارف فارسی ٹیچر پبلک ہائی سکول گجرات

○

ناشر

ادارہ کتبِ اسلامیہ

چوک پاکستان
گجرات

نام کتاب ——— فتاویٰ نعیمیہ (مفتی احمد یار خان نعیمیؒ)

مؤلفہ ——— حافظ محمد عارف صاحب فارسی۔ ٹیچر پبلک ہائی سکول گجرات

صفحات ——— ۱۶۰/-

ناشر ——— ادارہ کتب اسلامیہ

پرنٹرز ——— پیر بھائی پرنٹرز۔ لاہور

تعداد ——— ایک ہزار

ملنے کا پتہ : مکتبہ اسلامیہ، ۴۰۔ اردو بازار۔ لاہور

تک اسی ارتداد پر قائم رہا۔ بعد برادری کی سختی اور سمجھانے پر بتوں کو پوجنے سے توبہ کی اور مسلمان ہوگیا۔ اب مسلمان ہونے پر وہ شخص اپنی بیوی کو جس نے اس کے مرتد ہو جانے پر اس سے علیحدگی اختیار کر لی تھی۔ زبردستی لانا چاہتا ہے۔ تو کیا وہ شخص عند الشرع اس عورت کو زبردستی اپنے مکان پر واپس لا سکتا ہے۔ حالانکہ وہ عورت اب اس کے مکان پر جانے سے قطعی انکار کرتی ہے۔ اور کیا ایسی صورت میں وہ عورت جو عاقلہ بالغہ ہے اپنے اختیار سے دوسری جگہ نکاح کر سکتی ہے۔ مہربانی فرما کر جواب شرح اور واضح بحوالہ کتب احادیث و فقہ عنایت فرما کر عنداللہ ماجور ہوں۔ فقط۔

الجواب

صورت مسئولہ میں شخص مذکورہ کا نکاح اس کے مرتد ہوتے ہی ختم ہوگیا۔ اب اس کی بیوی بعد عدت جس سے چاہے نکاح کر سکتی ہے۔ شخص مذکورہ اسلام لانے پر عورت مذکورہ کو اپنے سے نکاح کرنے پر مجبور نہیں کر سکتا۔ اور بغیر اذن عورت اس سے نکاح درست نہیں۔ بحر الرائق میں ہے۔ وارتداد احدھما فسخ فی الحال یعنی لا یتوقف علی مضی ثلثة قروء فی المدخول بھا و لا علی قضاء القاضی۔ عالمگیری میں ہے۔ ارتداد احد الزوجین عن الاسلام وقعت الفرقة بغیر طلاق فی الحال قبل الدخول وبعدہٗ درمختار میں ہے۔ وارتداد احدھما ای الزوجین فسخ عاجل بلا قضاء۔ واللہ اعلم بالصواب۔

احمد یار خان عفی عنہ

فتویٰ نمبر ۴۴

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں ۱ کہ ہندہ سنیہ کا عقد اس کے والد خالد نے لاعلمی کی وجہ سے زید دیوبندی سے کر دیا۔ معلوم ہونے پر عقد فاسد ہے یا نہیں؟ مع ادلہ جواب مرحمت فرمائیں۔ (۲) اگر دیوبندی سلام کرے تو اس کے سلام کا جواب دینا واجب ہوتا ہے یا نہیں؟ اگر دے تو کیا جواب دے۔

از مدرسہ سبحانیہ مراد آباد

(ب) دیوبندی کو سلام کرنا چاہیئے یا نہیں؟ مع ادلہ جواب ارسال فرمائیں۔

الجواب

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی توہین کرنے والے یا توہین کرنے والوں کو ان کی توہین پر مطلع ہو کر مسلمان جاننے والے دیوبندی مرتد ہیں۔ درمختار میں ہے۔ والکافر بسب نبیًا من الانبیا الی ان قال ومن شك فی عذابه وکفرہ کفر۔ عالمگیری میں ہے۔ محمد درویشک بود ازقال جامہ پیغمبر ریمناک بود ازقال کان

طویل الظفر فقد قیل یکفر مطلقا وقد قیل یکفر اذا قال علی وجہ الاھانۃ - اور مرتد کا نکاح عالم میں کسی کے ساتھ جائز نہیں۔ نہ مسلمان سے نہ کافر سے نہ اپنے مثل مرتد سے لہٰذا وہ نکاح منعقد ہی نہیں ہوا۔ عالمگیری میں احکام المرتدین میں ہے۔ ومنھا ما ھو باطل بالاتفاق نحو النکاح فلا یجوز لہ ان یتزوج امرأۃ مسلمۃ ولا مرتدۃ ولا ذمیۃ۔ درمختار میں ہے۔ ویبطل منہ اتفاقاً النکاح والذبیحۃ الخ

(۲) کفار کے سلام کا جواب دینا واجب نہیں۔ اور اگر جواب دے تو وعلیک کہہ دے۔ اس سے زیادہ نہ کرے درمختار میں ہے۔ ولو سلم یھودا ونصاریٰ او مجوس علی مسلم فلا باس بالرد ولکن لا یزید علی قولہ وعلیک۔ یہ تو کافر اصلی کا حکم ہے۔ وہابیہ مرتدین کے احکام بہت سخت ہیں۔ ان کو بلاضرورت جواب سلام دینا جائز نہیں اور ضرورت درپیش ہو۔ تو وعلیک کہا جائے۔ اسی طرح کفار کو سلام بلاضرورت جائز نہیں۔ اگر ضرورت درپیش ہو۔ تو السلام علی من اتبع الھدیٰ کہہ دے۔ درمختار میں ہے۔ ویسلم المسلم علی اھل الذمۃ لو لہ حاجۃ الیہ والا کرہ۔ شامی میں ہے اذا سلم علی اھل الذمۃ فلیقل السلام علی من اتبع الھدیٰ وکذالک یکتب الیھم۔ بلاضرورت انہیں سلام ناجائز اور تعظیماً سلام کرنا سخت جرم ہے۔ معاذ اللہ کما فی الدرالمختار والھندیۃ واللہ اعلم بالصواب۔

احمد یار خان عفی عنہ

فتویٰ نمبر ۴۵

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں۔

(۱) کہ ایک شادی ہونے والی ہے جس میں لڑکے والا باجہ وغیرہ کو منع کرتا ہے۔ اور بیٹی والا بغیر باجہ کے شادی نہیں کرتا۔ تو بتاؤ کیا ہونا چاہیئے۔ نقارہ یا دف بجانا جائز ہے یا نہیں؟ یا نعت خوانی سے گشت۔

(۲) دولہا کے سرگنگنا یا مہندی لگانا۔ دولہا کے گلے میں پھولوں کا ہار ڈالنا کوئی نقصان تو نہیں ہے۔ یا برات سے ایک دن پہلے جو مردوں کی فاتحہ ہوتی ہے وہ جائز ہے یا نہیں یا حضرت بی بی کی فاتحہ جس کو کونڈا بوتے ہیں ناجائز ہے یا نہیں۔ یا عورتیں شادی سے پہلے ڈھول بجاتی اور گاتی ہیں اس کی بجائے نقارہ بجانا کوئی نقصان تو نہیں؟ یا رات کو عورتوں کا گانے کے بجائے میلاد کرانا جائز ہے یا نہیں۔

(۳) جو رسمیں سسرال میں دولہا کے ساتھ برتی جاتی ہیں۔ اس کا گناہ کس پر ہوگا۔ اور چوتھی چالا یا سہاگ بیرا دولہا سے کھلوانا یا چوتھی کھیلی جاتی ہے۔ اس کا کچھ وبال ہے یا نہیں؟ یا پہلی شب کو دولہا دولہن کو الگ سلاتے ہیں۔ یہ بڑی بے عیائی